**06.11.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

…………………………….

☆ بہار اسمبلی انتخابات میں پہلے مرحلے کے تحت 121 حلقوں میں 64 فیصد سے زیادہ ووٹ ڈالے گئے۔

☆ ریاست میں دوسرے مرحلے کی پولنگ کیلئے انتخابی مہم تیز ہوگئی ہے۔ منگل کے روز 122 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ بھارتی بحریہ نے کوچی میں اندرون ملک تیار کردہ سروے سے متعلق نئے جہاز **Ikshak** کو بحریہ میں شامل کیا ہے۔

☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے ملک میں عالمی معیار کے بینکوں کو وسعت دینے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کو فروغ دینے کیلئے بینکوں کو پیداواریت سے متعلق شعبوں کی خاطر قرض فراہم کرنے کو توسیع دینی چاہیے۔

☆ خواتین کا عالمی کپ جیتنے والی بھارتی ٹیم نے نئی دلّی میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ آئندہ نسل کیلئے مثالی کردار بن گئی ہیں۔

☆ اور... مردوں کے کرکٹ میں **Carrara** میں بھارت نے چوتھے ٹی ٹوئنٹی میچ میں آسٹریلیا کو 48 رن سے ہرا دیا۔ بھارت نے پانچ میچوں کی سیریز میں دو–ایک سے سبقت حاصل کرلی ہے۔

…………………………….

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**Bihar Polling**

بہار میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی ووٹنگ پُرامن طور پر اختتام پذیر ہوگئی۔ 18 ضلعوں کے 121 اسمبلی حلقوں میں آج ووٹنگ ہوئی تھی۔ چیف انتخابی افسر کے مطابق پہلے مرحلے میں 64 اعشاریہ چار چھ فیصد ووٹ ڈالے گئے۔ ایک ہزار 314 امیدواروں کی قسمت اب الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے اندر بند ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ.........

**VC Dharmendra**

بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لئے پولنگ آج 121 اسمبلی حلقوں میں پر امن انداز میں اختتام پزیر

ہوئی۔ 18ضلعوں میں پٹنہ اور شیخ پورا کو چھوڑ کر 16ضلعوں میں ووٹنگ فیصد اچھا رہا۔ مختلف ضلعوں کے دیہی علاقوں میں رائے دہندگان نے ووٹ دینے کیلئے جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔ آج NDA کی طرف سے جنتا دل یونائیٹڈ کے 57امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ EVM میں بند ہو گیا ہے۔ وہیں بی جے پی کے 48اور لوک جن شکتی پارٹی R کے 14امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ بھی ووٹروں نے مشینوں میں قید کر دیا ہے۔ مہا گٹھ بندھن کی جانب سے راشٹریہ جنتا دل کے 73امیدوار اور کانگریس کے 24امیدوار انتخابی میدان میں تھے۔ مہا گٹھ بندھن کی سات پارٹیوں میں سے (ML) CPI نے 14سیٹوں پر اپنے امیدواروں کو اتارا ہے۔ 2020کے اسمبلی انتخابات میں 121سیٹوں سے 23جنتا دل یونائیٹڈ نے جیتی تھیں اور BJP نے 32سیٹیں جیتی تھیں، وہیں لوک جن سکتی پارٹی کو ایک سیٹ ملی تھی۔ دوسرے جانب راشٹریہ جنتا دل کو 42جبکہ کانگریس کو صرف چار سیٹیں ہی ملی تھیں۔ وکاس شیل انسان پارٹی کو بھی چار سیٹیں ملی تھیں۔آج ہوئی پولنگ میں نمایاں شخصیات میں بی جے پی کے امیدوار اور نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری اور وجے کمار سنہا اہم تھے۔ مہا گٹھ بندھن سے وزیر اعلیٰ کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو نے Raghopur سے چناؤ لڑا ہے۔ NDA حکومت کے 16وزراء کی قسمت کا فیصلہ آج EVM میں بند ہو گیا ہے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں ماجد علی

## Bihar Campaigning 2nd Phase

بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ NDA اور مہا گٹھ بندھن کے لیڈر اپنے اپنے امیدواروں کی حمایت میں ریلیوں سے خطاب کر رہے ہیں۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے بھاگلپور اور ارریہ میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ انھوں نے RJD پر اپنے دورِ اقتدار میں بہار کی ترقی نہ کرنے اور لاقانونیت کا الزام لگایا۔ جناب مودی نے الزام لگایا کہ RJD جنگل راج اور بدعنوانی کی پہچان ہے۔ جناب مودی نے الزام لگاتے ہوئے کہا کہ 1990سے 2005کے دوران بہار میں RJD کی حکومت تھی جب بہار میں لاقانونیت تھی اور اُسی دور میں بہار کو پوری طرح برباد کردیا تھا۔BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ نے مشرقی چمپارن اور مغربی چمپارن میں ریلیوں سے خطاب کیا جبکہ مرکزی وزیر راجناتھ سنگھ نے مشرقی چمپارن اور سیتامڑھی میں تین ریلیوں سے خطاب کیا۔کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے مہا گٹھ بندھن امیدواروں کی حمایت میں ارریہ اور پورنیہ میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ جناب گاندھی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نتیش کمار کا حکومت پر کوئی کنٹرول نہیں ہے کیونکہ BJP بہار میں ریموٹ کنٹرول سے حکومت چلا رہی ہے۔ کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی نے بھی گووند گنج، Reega اور Benipatti میں تین عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔مہا گٹھ بندھن کی جانب سے وزیر اعلیٰ کے عہدے کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو نے مدھوبنی، سوپول، کشن گنج، کٹیہار اور پورنیہ ضلعوں میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔x

## Navy IKSHAK Cammissining

بھارتی بحریہ نے آج کوچی میں بحری اڈے پر Ikshak جہاز کو باضابطہ طور پر بحریہ میں شامل کیا۔ اِسے

بحریہ میں شامل کرنے کی تقریب، بحریہ کے سربراہ ایڈمرل ڈنیش کے ترپاٹھی کی موجودگی میں ہوئی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بھارتی بحریہ نے کہا کہ INS Ikshak کو بحریہ میں شامل کیا جانا، سروے اور اعداد و شمار سے متعلق بنیادی ڈھانچے کے سلسلے میں جاری کوششوں میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ اندرون ملک تیار کردہ ساز و سامان کی مضبوطی، تکنیکی مہارت اور بحری رہنمائی کی ایک علامت ہے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یہ جہاز، مکمل طور پر ساحل اور گہرے پانی میں hydrographic جائزے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اِس سے تیار کیا گیا ڈیٹا، سمندر میں راستہ تلاش کرنے اور بھارت کی بحری سلامتی کے طریقۂ کار کو مستحکم کرنے میں اہم ثابت ہوگا۔

اُس نے کہا ہے کہ Ikshak، سروے سے متعلق تیسرا جہاز اور جنوبی بحری کمانڈ پر مبنی پہلا جہاز ہونے کے ساتھ بھارتی بحریہ کے سمندری جائزے کی صلاحیتوں میں اضافہ کرے گا۔x

## Rev. Mumbai Sitharaman

خزانے اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ حکومت نے 2014 کے بعد سے کاروبار کرنے میں آسانی میں بہتری کی خاطر اصلاحات سے متعلق کئی اہم اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ مسلسل پالیسی سازی اور شفافیت نے سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ وزیر موصوف، آج دوپہر ممبئی میں SBI بینکنگ اور اکنامکس سے متعلق بارہویں کانکلیو سے خطاب کر رہی تھیں۔

محترمہ سیتا رمن نے زور دے کر کہا کہ بھارت کو کئی بڑے اور عالمی معیار کے بینکوں کی ضرورت ہے اور اِس سلسلے میں کام شروع ہوچکا ہے۔ انہوں نے بینکنگ شعبے پر زور دیا کہ وہ قرض کی دستیابی کو وسعت دے کر ترقی میں تعاون کریں۔ اِس بات پر زور دیتے ہوئے کہ GST کی شرحوں کی کمی سے مانگ اور سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بینکوں کو ترقی کو فروغ دینے کی خاطر پیداواری سے متعلق شعبوں کیلئے قرض کی فراہمی کو وسعت دینی چاہیے۔ وزیر موصوف نے اِس بات کا بھی ذکر کیا کہ فائدے کی براہ راست منتقلی DBT کے ذریعے حکومت نے چار کھرب روپے سے زیادہ کی بچت کی ہے۔ x

## Prez PM Women Cricket

خواتین کا ICC او ڈی آئی کرکٹ عالمی کپ 2025 جیتنے والی خواتین کی بھارتی کرکٹ ٹیم نے آج راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ صدر جمہوریہ نے ٹیم کو مبارکباد دی اور کہا کہ انہوں نے تاریخ رقم کی ہے اور وہ نئی نسل کیلئے مثالی کردار بن گئی ہیں۔

**2100- Prez Murmu on Indian Team**

کل وزیر اعظم نریندر مودی نے لوک کلیان مارگ پر اپنی رہائش گاہ پر خواتین کے عالمی کپ کی چمپئنز کی میزبانی کی تھی۔ جناب مودی نے خواتین کرکٹ ٹیم کو اُن کی شاندار جیت کیلئے مبارکباد دی اور تین میچ ہارنے کے بعد ٹورنامنٹ میں اُن کی غیر معمولی واپسی پر اُن کی ستائش کی۔

**S/B: PM Congrats w Team-16 Secs**

وزیر اعظم نے کھلاڑیوں پر ملک بھر میں خاص طور سے لڑکیوں میں Fit انڈیا کے پیغام کو فروغ دینے پر زور دیا۔ x

### MEA Briefing

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 8نومبر کو انگولا اور بوتسوانا کے 6دن کے دورے کیلئے روانہ ہوں گی۔ بھارت کے کسی صدر کا اِن ملکوں کا یہ پہلا دورہ ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے سکریٹری (ER) سدھاکر Dalela نے بتایا کہ صدر جمہوریہ انگولا کے صدر Joao Manuel Goncalves Lourenco کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گی۔ انھوں نے بتایا کہ صدر جمہوریہ 11نومبر کو انگولا کی آزادی کی پچاسویں سالگرہ تقریبات میں بھی شرکت کریں گی۔ انگولا کی پارلیمنٹ سے خطاب اور انگولا میں بھارتی برادری کے ممبران سے بات چیت کرنا ان کے پروگرام کا حصہ ہے۔x

### PM Vande Mataram

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی میں وندے ماترم قومی گیت کے 150سال مکمل ہونے سے متعلق ایک سال تک چلنے والی تقریبات کا افتتاح کریں گے۔ وزیر اعظم اِس موقع پر ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ اور سکّہ بھی جاری کریں گے۔ اِس پروگرام میں اُس گیت کے 150سال مکمل ہونے کی تقریبات کا آغاز کیا جائے گا جس نے بھارت کی تحریک آزادی کو ترغیب دی اور جو قومی اتحاد اور فخر کا جذبہ اجاگر کرتا ہے۔ x

### NCW Consultations

قومی خواتین کمیشن NCW نے خواتین کے خلاف سائبر جرائم پر پورے ملک میں مشوروں کے اجلاس کا انعقاد کیا اور حکومت کو اپنی سفارشات بھیجی ہیں۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے NCW کی چیئرمین وجیا راحت کر نے کہا کہ اِن اجلاسوں میں کمیشن کو خواتین کو پریشان کرنے اور خواتین کے خلاف دیگر جرائم پر مشورے موصول ہوئے ہیں۔

**S/B Vijaya Rahatkar**

### Naidu Saf Summit

شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے آج کہا ہے کہ مرکز، شہری ہوا بازی سے متعلق پائیدار ایندھن کی پیداوار میں ملک کو ایک عالمی رہنما کے طور پر قائم کرنے کی خاطر ایک مضبوط اور متحرک پالیسی پر کام کر رہا ہے۔ نئی دلّی میں بھارت SAF سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے جناب نائیڈو نے کہا کہ بھارت، خام مال کی دستیابی اور اپنی پیداواری صلاحیتوں کے سبب دیگر ملکوں پر سبقت رکھتا ہے۔ بین الاقوامی فضائی ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ 2040 تک شہری ہوا بازی کی صنعت کو 183 ملین ٹن SAF کی ضرورت ہوگی۔ x

## Goyal New Zealand

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج کہا کہ بھارت اور نیوزی لینڈ اپنے تعلقات کو بہتر کرنے کیلئے کوششیں کر رہے ہیں۔ جناب گوئل اور نیوزی لینڈ کے اپنے ہم منصب Todd McClay نے Rotorua میں دونوں ملکوں کے درمیان آزاد تجارتی سمجھوتے پر جاری بات چیت کا جائزہ لیا۔ وزیر موصوف نے نیوزی لینڈ میں وندے ماترم کی 150 سالہ تقریبات میں بھی شرکت کی۔ متنوع بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے بھارتی برادری سے زور دے کر کہا کہ وہ وکست بھارت کے سفر میں اپنا تعاون پیش کریں۔x

## IMD weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل کے کچھ علاقوں میں کل تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ آندھراپردیش، کیرالہ، ماہے اور جنوبی کرناٹک میں کچھ جگہوں پر گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلیں گی۔اُدھر قومی خطہ راجدھانی دلّی میں ہوا کا معیار مسلسل بہت خراب کے زمرے میں ہے۔ آلودگی کو کنٹرول کرنے والی مرکزی بورڈ کے مطابق آج شام سات بجے ہوا کا اوسط معیار یعنی اے کیو آئی 312 تھا۔x

## Men Cricket

آج Queensland کے Carrara Oval کرکٹ میدان میں چوتھی ٹی–ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت نے میزبان آسٹریلیا کو 48رن سے ہرا دیا۔ اِس جیت کے ساتھ بھارت کی ٹیم نے پانچ میچوں کی سیریز میں دو–ایک سے سبقت لے لی ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت کی ٹیم نے 20اوورس میں آٹھ وکٹ پر 167رن بنائے۔ شبھمن گِل نے سب سے زیادہ 46رن بنائے۔ جواب میں 168رن کے ہدف کو حاصل کرتے ہوئے آسٹریلیا کی پوری ٹیم 18اوورس دو گیندوں میں 119رن پر آؤٹ ہوگئی۔ کپتان Mitchell Marsh نے آسٹریلیا کی طرف سے سب سے زیادہ 30رن بنائے۔ واشنگٹن سُندر نے تین وکٹ لئے جبکہ Shivam دوبے اور اکشر پٹیل نے دو–دو وکٹ لئے۔ اکشرپٹیل کو آل راؤنڈ کارکردگی کیلئے پلییرَ آف دی میچ قرار دیا گیا۔ انھوں نے 11 گیندوں میں 21رن بنائے اور دو وکٹ بھی لئے۔x

## ISSF Shooting Cairo

پیرس اولمپکس میں تمغہ جیتنے والے منوبھاکر اور Swapnil Kusale مصر کی راجدھانی قاہرہ میں ISSF عالمی چمپئن شپ رائفل اور پستول 2025میں 40 ممبران پر مشتمل بھارتی دستہ کی قیادت کریں گے۔ اس چمپئن شپ کی افتتاحی تقریب کل شام منعقد کی جائے گی جبکہ مقابلے ہفتے کے روز سے شروع ہوں گے۔ یہ مقابلے Egypt انٹرنیشنل اولمپکس سِٹی میں منعقد کئے جائیں گے، جس میں 72 ملکوں کے 720 نشانے باز حصہ لیں گے۔ یہ چمپئن شپ 17 نومبر تک جاری رہے گی۔x

☆☆☆☆☆☆☆